محمد اسلم اور علی نواز کی شہادت پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس
محمد اسلم اور علی نواز کا قتل کراچی کا امن خراب کرنے کی گھناؤنی سازش ہے، رابطہ کمیٹی
قتل میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے، سندھ حکومت سے مطالبہ

لندن۔۔۔29، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم لیاری سیکٹر کے کارکن محمد اسلم اور ہمدرد علی نواز کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے محمد اسلم اور علی نواز کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ اور افسوس کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد اسلم شہید اور علی نواز شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیاری سیکٹر کے کارکن محمد اسلم اور ہمدرد علی نواز کو فائرنگ کرکے قتل کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے شہر کا امن خراب کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے شہر کا امن خراب کرنے کیلئے ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت ایم کیو ایم کے کارکنان وہمدردوں کو قتل وغارت گری کا نشانہ بنایا جارہا ہے اور محمد اسلم اور علی نواز کا قتل بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے شہداء کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ منظور وسان سے مطالبہ کیا کہ محمد اسلم اور علی نواز کے بہیمانہ قتل کا نوٹس لیا جائے اور دوہرے قتل کی وارداتیں میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے۔

ایم کیو ایم کے زیراہتمام ماہِ ربیع اول میں قیام امن اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کیلئے پیر کو 3:30 بجے
لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں علمائے کرام کا اجتماع منعقد ہوگا
اجتماع سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی:۔۔۔29، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام ماہِ ربیع اول میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی، قیام امن اور بھائی چارے کیلئے 30، جنوری بروز پیر کو سہ پہر 3:30 بجے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام کا اجتماع منعقد ہوگا۔علمائے کرام کے اس اجتماع کا اہتمام ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں کیا گیا ہے جس سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے براہِ راست ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ایم کیو ایم علماء کمیٹی کی جانب سے اجتماع کے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں اور اس سلسلے میں جید علمائے کرام، ذاکرین، مشائخ عظام، نعت خواں حضرات، مساجد وامام بارگاہوں کی انجمنوں کے عہدیداران کو دعوت نامے تقسیم کئے جاچکے ہیں۔

حیدر عباس نقوی کے انتقال پر علماء کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔29، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد ودیگر اراکین نے علماء کمیٹی کے رکن منظر مہدی اور معروف عالم دین علامہ محمد عون نقوی کے ماموں حیدر عباس نقوی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جاوید احمد واراکین علماء کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

شعیب بخاری اور ندیم احسان نے عباسی شہید اسپتال میں زخمیوں کی عیادت کی

کراچی۔۔۔29، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر سید شعیب احمد بخاری اور حق پرست وفاقی وزیرِ مملکت ڈاکٹر ندیم احسان نے عباسی شہید اسپتال کا دورہ کیا اور لیاقت آباد میں دکان پر دستی بم حملے میں زخمیوں کی عیادت کی اور ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی۔انہوں نے ڈیوٹی پر مامور ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کو ہدایت کی کہ وہ زخمیوں کے علاج معالجے میں کسی بھی قسم کی کوئی کسر باقی نہ رکھیں اور زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔اس موقع پر ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔

رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کے جاپان میں مقیم چھوٹے بھائی شمس الحق کی اہلیہ نازیہ شمس مرحومہ کے سوئم کا اجتماع روفی گرین سٹی بلاک نمبر 18 میں منعقد ہوا
قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں حق پرست اراکین سندھ اسمبلی علاقائی سیکٹر کے ذمہ داران وکارکنان ودیگر کی شرکت

کراچی:۔۔۔29 جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کے جاپان میں مقیم چھوٹے بھائی شمس الحق کی اہلیہ نازیہ شمس مرحومہ کے سوئم کا اجتماع اتوار کے روز بعد نماز ظہر تا مغرب گلستان جوہر میں واقع روفی گرین سٹی بلاک نمبر 18 میں منعقد ہوا۔جس میں مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی۔قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کے اجتماع میں حق پرست اراکین سندھ اسمبلی ڈاکٹر ندیم مقبول اور محترمہ زرین مجید، ایم کیوایم کے علاقائی سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ مرحومہ کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆